Member APNS Email:mashriqdak@gmail.com / mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر: عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | جمعۃ المبارک 22 جمادی الاول 1447ھ 14 نومبر 2025ء یکم مگھر 2082ب صفحات:26 قیمت:35روپے | شمارہ:234

ایڈوائزر وفاقی محتسب ریجنل سیکرٹریٹ کا لیسکو آفس مرید کے کا دورہ

شاہد لطیف خاں نے عوامی شکایات سنیں، 13 کا موقع پر ہی فیصلہ، ایک اگلی تاریخ تک ملتوی

لاہور (اپنے رپورٹر سے) شاہد لطیف خاں ایڈوائزر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس لاہور نے گزشتہ روز مرید کے کا دورہ کیا اور ایکسین لیسکو کے دفتر میں Out Reach Complaint Resolution اور ''انصاف آپ کی دہلیز پر'' کے تحت عوامی شکایات سنیں۔ دوران سماعت شکایت کنندگان اور متعلقہ ایس ڈی اوز موجود تھے۔ ٹوٹل 14 شکایات سنیں جس میں سے 13 شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی ایک شکایت کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر پرنٹ و الیکٹرونک میڈیا کے نمائندے بھی موجود تھے۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور عزت مآب اعجاز احمد قریشی کا شکریہ ادا کیا اور درخواست کی کہ ایسے دورہ جاری رہنے چاہیئے کیونکہ یہ انکے مسائل کا بہترین حل ہے۔